703-وہ اسلام قبول کرنا چاہتی ہے

سوال

میں دین اسلام کا بہت زیادہ اہتمام کرتی ہوں اب مجھے اسلام قبول کرنے کے لیے کیا کرنا ہوگا ؟
میں ہمیشہ ہی ایسا دین تلاش کررہی ہوں جس سے مجھے اللہ تعالی کا قرب محسوس ہوجس طرح کہ اسلام میں پایا جاتا ہے میں آپ کی بے حد مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے سوال کرنے کا موقعہ فراہم کیا۔

پسندیدہ جواب

عزیزوکریم سائلہ ہمیں بہت ہی خوشی ہوئی کہ آپ قبول اسلام کی رغبت رکھتی ہیں ، اوریہی وہ دین ہے جو بندے کو توحید وعبادت کے ذریعہ بلاکسی واسطہ اپنے رب سے ملاتااور تعلق پیدا کرتا ہے جس سے بندے کے نفس میں اطمنان وسکون پیدا ہوتا ہے ۔

اللہ تعالی سے محبت وخوف وامیداوراس کے سامنے خضوع پر مشتمل یہ تعلق مخلوق کے لیے سعادت مندی کے حصول کا ذریعہ ہے ، اور عبادت کا صحیح معنی بھی یہی ہے کہ جس میں دل کا عمل اورزبان سے اللہ تعالی کا ذکراوراعضاء کے عمل ایک ساتھ جمع ہوکرایک بن جائے جس طرح کہ نمازروزہ اور تلاوت قرآن مجید وغیرہ ہے جس کا اثرآپ خود بھی ان شاء اللہ تعالی اپنے آپ پردیکھیں گی ۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ جہاں تک آپ پہنچی ہیں ان شاء اللہ وہ دوچیزوں عقل صحیح اوراللہ تعالی کی توفیق کا نتیجہ ہے ۔

اوررہا مسئلہ قبول اسلام کا تو یہ بہت ہی آسان اور سھل سا کام ہے کہ آپ اپنی زبان سے یہ الفاظ کہیں تواسلام میں داخل ہوجائیں گی (أشھدأن لاإلہ إلا اللہ وأشھدأن محمدارسول اللہ) میں گواہی دیتی ہوں کہ اللہ تعالی کے علاوہ کوئی اور معبود برحق نہیں اورمیں گواہی دیتی ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالی کے سچے رسول ہیں ۔

اس کے علاوہ باقی تفصیل آپ کومندرجہ ذیل سوالات کے جوابات پڑھنے سے حاصل ہوجائے گی (114) اور(179) اور(378)

ہم آخرمیں آپ کواسلامی بہن ہونے کی بنا پرخوش آمدیداورمرحبا کہتے ہیں ، اورہم ہروقت آپ کی ہرممکن مددوتعاون کرنے کے لیے مستعدوتیارہیں ، اوراللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ آپ پراپنی نعمتوں کومکمل کرے اور آپ کوحق پرثابت قدم رکھے ۔

اوراللہ تعالی ہی سیدھے راہ کی راہنمائی کرنے والا ہے ۔

واللہ اعلم .